© rasailojaraid.com

رحیم

اوارہ

# مسافرانِ عدم

انا للہ وانا الیہ راجعون

## حضرت قاضی محمد اسلم سیف رحمہ اللہ:

جامعہ تعلیم الاسلام ماموں کانجن کے مہتمم اور جمعیت اہل حدیث کے رہنما حضرت قاضی محمد اسلم سیف فیروز پوری یکم جمادی الثانی ۱۴۱۷ھ مطابق ۱۵/اکتوبر ۱۹۹۶ بروز منگل انتقال کر گئے

مرحوم انتہائی ملنسار، مخلص اور جذبۂ ایثار سے سرشار انسان تھے۔ ان کا وطن فیروز پور (بھارت) تھا اور تقسیم ہند سے قبل مجلس احرار اسلام میں شامل ہو گئے تھے۔ علماء اہل حدیث میں حضرت مولانا سید محمد داؤد غزنوی رحمہ اللہ چونکہ مجلس احرار اسلام کے بانیوں میں سے تھے اس لئے اہل حدیث حضرات کی ایک بڑی تعداد مجلس احرار میں شامل رہی۔ مرحوم قاضی صاحب بھی انہی متاثرین اور باقیات احرار میں سے تھے۔ وہ ماموں کانجن ضلع فیصل آباد میں "جامعہ تعلیم الاسلام" کے نام سے ایک بڑا دینی مرکز چلا رہے تھے۔ یہ مدرسہ حضرت صوفی محمد عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ نے قائم کیا تھا۔ مدرسہ کا حُسنِ انتظام اور تعلیمی معیار حضرت قاضی صاحب مرحوم کے وجود کا ہی کرشمہ تھا۔ وہ جب بھی ملتان تشریف لائے ہمیں ضرور شرف ملاقات بخشا۔ نسبتِ احرار کی لاج رکھی اور ہمیں اپنی محبتوں سے نوازتے رہے۔ گزشتہ سال راقم کی درخواست پر مسجد احرار ربوہ میں سالانہ سیرت کانفرنس کے موقع پر تشریف لائے۔ احرار کارکنوں کو سرخ قمیضوں میں ملبوس دیکھ کر ان کا چہرہ دمک اٹھا۔ وہ فرما رہے تھے "آج مجھے بے حد خوشی ہوئی ہے اور ماضی کی یاد تازہ ہو گئی ہے۔ احرار کارکنوں نے ظہر کی نماز آپ ہی کی اقتداء میں ادا کی۔ گزشتہ سال ماموں کانجن میں سالانہ اہل حدیث کانفرنس منعقد کی تو ابن امیر شریعت حضرت مولانا سید عطاء المؤمن بخاری کو خصوصی دعوت دی اور ان کے خطاب کے دوران سٹیج پر فروکش رہے۔ مدرسہ تعلیم الاسلام کا دورہ کرایا اور مستقبل کے منصوبوں سے آگاہ کیا۔ ان کے زیر ادارت ایک معیاری علمی جریدہ ماہنامہ تعلیم الاسلام بھی شائع ہو رہا تھا۔ یوں ہر ماہ ان کی تحریر پڑھنے کو مل جاتی۔ اور وہ بیک وقت علمی اور صحافتی میدان میں دادِ شجاعت دیتے رہے۔ ملتان میں قاضی صاحب کے میزبان برادرم عزیز سند ہونے ابھی کل ہی مجھے ان کی علالت کی خبر دی اور آج انتقال کی خبر سے دل ہلا دیا۔ ان کے اچانک انتقال سے بہت دھچکا لگا۔ وہ بہت ہی شفیق اور محبت کرنے والے آدمی تھے۔ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے، درجات بلند فرمائے اور اعلیٰ علیین میں جگہ عطا فرمائے (آمین)

## مولوی محمد عبداللہ صاحب مراد پوری مرحوم:

رحیم یار خان سے ہمارے کرم فرما محترم قاری شبیر احمد فاروقی کے والد محترم مولوی محمد عبداللہ



© rasailojaraid.com